# ضابطه اخلاق



Convergint میں، ہماری مثبت ثقافت ہی ہے جو ہمیں واقعی منفرد بناتی ہے۔ اپنے رہنما اقدار اور عقائد کے مطابق زندگی گزار کر، ہم اپنی روزمرہ کی زندگی میں جو کچھ بھی کرتے ہیں اس میں مثبت تبدیلی لا سکتے ہیں۔ ہم اپنے تمام معاملات میں انصاف، دیانت اور اچھی کاروباری اخلاقیات دھیان میں رکھتے ہیں۔ ہم اپنے ساتھیوں، اپنے صارفین، اپنے شراکت داروں، اور اپنی کمیونیٹیز کا خیال رکھتے ہیں۔ یہ اصول صرف کاغذ کے صفحے پر تحریر الفاظ نہیں ہیں۔ ہمارے لیے ثقافت ایک حکمت عملی ہے جو ہمارے ساتھیوں کو اچھے فیصلے کرنے کی طاقت دیتی ہے۔


ہماری اقدار اور عقائد میں سے ہر ایک کے اندر کوئی نہ کوئی اہم معنی چھپا ہوا ہے، لیکن میں خاص طور پر اس میں سے ایک کی طرف اشارہ کرنا چاہوں گا: میرے اندر دیانت داری ہے — یہ اس وقت بھی ہوتی ہے جب مجھے کوئی نہیں دیکھ رہا ہوتا ہے۔

یہ ضابطہ اخلاق ہماری کمپنی کے چلانے کے طریقے کی عکاسی کرتا ہے اور ہمارے رفقاء کے لئے کام کرنے کے طریقے کی وضاحت کرتا ہے۔ یہ Convergint کے اندر بزنس کرنے کے بارے میں ایک عالمی رہنما کتاب ہے۔ یہ اس بات کی وضاحت کرتا ہے کہ ہم کون ہیں، ہم کیسے کام کرتے ہیں اور ہمارے عقائد کیا ہیں۔

یہ ضابطہ ایک ایسا ٹول ہے جو صحیح اخلاقی فیصلے کرنے میں آپ کی مدد کرے گا، لیکن ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ اگر آپ کے پاس کوئی سوال یا تشویش ہے، یا اگر آپ پریقین نہیں ہیں کہ کسی بھی صورت حال میں کیا کرنا ہے تو بلا جھجک پوچھیں۔ یہ Convergint کے تمام رفقاء کی ذمہ داری ہے کہ وہ ضابطہ اخلاق کی ہماری اقدار اور عقائد کے مطابق پابندی کریں۔

ضابطہ سمجھیں، اگر آپ کو کوئی تشویش ہو تو بات کریں، اور یاد رکھیں کہ ہم سب کو قدر اور عقیدہ #3 کو عملی شکل دینے کی تلقین کی جاتی ہے: **میرے اندر دیانت داری ہے۔**

Ken Lochiatto
چیف ایگزیکٹو آفیسر، Con-
t



convergint | V's & B's

**میں Convergint ہوں۔**
- میں ٹیم میں اپنی پوزیشن کا مالک ہوں۔

**میں اپنی مسلسل ترقی کے لیے ذمہ دار ہوں**
- میری بہتری میں Convergint کی بہتری ہے

**میرے اندر دیانت داری ہے**
- یہ اس وقت بھی ہوتی ہے جب مجھے کوئی نہیں دیکھ رہا ہوتا ہے

**میں سب کو باخبر رکھتا ہوں**
- کمیونیکیشن اہم ہے

**میں ذمہ دار فیصلے کرتا ہوں**
- بروقت، باخبر، اور نفع بخش

**ہم اپنے صارفین کے لئے ان کے بہترین سروس فراہم کنندہ بننے کی توقع کرتے ہیں۔**
- چاہے ہمارا بزنس کچھ بھی ہو

**ہم نتائج فراہم کرتے ہیں**
- ... اور بس!

**ہم متوازن زندگی پر یقین رکھتے ہیں**
- فیملی، بزنس اور کمیونٹی سب اہم ہیں

**ہم ایک محفوظ، جامع اور مثبت کام کے ماحول کو اپناتے ہیں**
- ہر رفیق کار اہم ہے

**ہم رروز مرہ کی زندگی میں تفریح اور ہنسی کو فروغ دیتے ہیں**
- یہ تفریح کا ماحول 2001 سے ہے



ہماری اقدار اور عقائد

# فہرست موضوعات


**1. میں Convergint ہوں** ............ 6
کوئی انتقامی کاروائی نہیں ............ 8
بیرونی کمیونیکیشنز ............ 8

**2. میں اپنی مسلسل ترقی کے لیے ذمہ دار ہوں** ............ 9
شمولیت اور تنوع کی پالیسی ............ 10

**3. میرے اندر دیانت داری ہے** ............ 11
مفاد کا تصادم ............ 12
اندرونی تجارت ............ 13
خارجی ملازمت ("جزوقتی کام یا مون لائٹنگ") ............ 13

**4. میں سب کو باخبر رکھتا ہوں** ............ 14

**5. میں ذمہ دار فیصلے کرتا ہوں** ............ 16
صحت، حفاظت اور پیشہ ورانہ طرز عمل ............ 17
ذاتی معلومات ............ 17
کمپنی کے اثاثوں کا تحفظ اور مناسب استعمال ............ 18
خفیہ اور ملکیتی معلومات ............ 18
ریکارڈ رکھنا، مالیاتی کنٹرول اور انکشافات ............ 19
مالیاتی رپورٹنگ ............ 19
سیاسی چندہ ............ 19

**6. ہم اپنے صارفین کے لئے ان کے بہترین سروس فراہم کنندہ بننے کی توقع کرتے ہیں۔** ............ 20
منصفانہ اور دیانت دار مقابلہ آرائی ............ 21
انسداد بدعنوانی اور انسداد رشوت ستانی ............ 21
کاروباری کرم فرمائیاں وصول کرنا اور پیش کرنا ............ 23

**7. ہم نتائج فراہم کرتے ہیں** ............ 24

**8. ہم متوازن زندگی پر یقین رکھتے ہیں** ............ 26
Convergint کا یوم سماجی ذمہ داری (Social Responsibility Day) ............ 27
سپلائر تنوع پروگرام ............ 27
ماحولیاتی تحفظ اور پائیداری ............ 28

**9. ہم ایک محفوظ، جامع اور مثبت کام کے ماحول کو اپناتے ہیں** ............ 29
امتیازی سلوک، ایذا رسانی یا انتقامی کارروائی پر پابندی ............ 30
ادائیگی کی شفافیت ............ 30
انسانی حقوق ............ 31

**10. ہم رروزمرہ کی زندگی میں تفریح اور ہنسی کو فروغ دیتے ہیں** ............ 32

# تشویش کی شکایت درج کرانا

*اگر آپ کے علم میں کوئی ایسی صورتحال آتی ہے جس میں ہمارے ضابطہ اخلاق، کمپنی کی پالیسیوں یا قابل اطلاق قانون یا ضابطے کی خلاف ورزی شامل ہو، تو آپ کا فرض ہے کہ آپ اس کو رپورٹ کریں۔*

**آپ اس کی رپورٹ درج ذیل میں سے کسی کو کریں:**

- اپنے سپروائزر، یا اپنے سپروائزر کے براہ راست سپروائزر کو؛
- ہیومن ریسورس ٹیم کے کسی رکن کو؛
- لیگل ڈپارٹمنٹ میں کسی وکیل کو یا عام وکیل کو؛
- Report It پر، جوکہ ایک آزاد تھرڈ پارٹی اخلاقیات اور تعمیل ہاٹ لائن ہے
  — 1-877-778-5463 اور/یا www.reportit.net.
  — بین الاقوامی کالنگ سے متعلق ہدایات Report It گائیڈ میں دستیاب ہیں۔
  — اگر آپ آن لائن رپورٹ کررہے ہیں تو یوزر نام استعمال کریں: Convergint اور پاس ورڈ: hr123۔

اگر آپ ورک پلیس پر کسی ایسی صورتحال سے واقف ہیں یا اس کا سامنا کرتے ہیں جو غیر قانونی یا غیر اخلاقی رویے کے بارے میں تشویش کا باعث بنتی ہے، تو ہم سب سے پہلے آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ آپ اپنے سپروائزر کو اپنی تشویش کی اطلاع دیں۔ اگر آپ کو اپنے سپروائزر سے اپنی تشویش کا اظہار کرنے میں کوئی پریشانی ہے، تو ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ آپ اپنی تشویش کی اطلاع اپنے سپروائزر کے سپروائزر، ہیومن ریسورس ٹیم کسی ممبر، یا لیگل ڈپارٹمنٹ کے کسی وکیل کو دیں۔ آپ Report It، جوکہ ایک آزاد، تھرڈ پارٹی ہاٹ لائن اور ویب سائٹ ہے، پر بھی اپنی تشویش کا اظہار کر سکتے ہیں جو گمنامی اور رازداری سے سرگرمیوں کی اطلاع دینے کا ایک آسان طریقہ فراہم کرتی ہے۔ زیادہ سے زیادہ معلومات فراہم کرنے سے کمپنی کو رپورٹ کا جائزہ لینے اور کسی بھی ممکنہ بدانتظامی کی تحقیقات کرنے میں مدد ملے گی۔ ہم سمجھتے ہیں کہ رفیق گمنام رپورٹ کرنے میں آسانی محسوس کر سکتا ہے لیکن اس سے کمپنی کی تحقیقات کرنے کی صلاحیت پر بھی اثر پڑے گا۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ بورڈ کے کسی نمائندے کو تشویش کی اطلاع دینے کی ضرورت ہے، تو رابطہ کی مناسب معلومات چیف ہیومن ریسورس آفیسر سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

تشویش موصول کرنے والا کمپنی کا نمائندہ پانچ (5) کاروباری دنوں کے اندر یا جتنی جلدی ممکن ہو، رپورٹ کو تسلیم کرے گا، الا یہ کہ اس طرح کی رپورٹ گمنام طور پر پیش کی گئی ہو۔ Convergint تمام رپورٹس میں ممکنہ حد تک رازداری برقرار رکھے گی اور قابل اطلاق قانون کی پیروی کرے گی۔

Convergint کسی بھی ایسے شخص کے خلاف انتقامی کارروائی کو سختی سے منع کرتی ہے جو نیک نیتی سے رپورٹ کرتا ہے یا ہمارے ضابطہ اخلاق، کمپنی کی پالیسیوں، یا قابل اطلاق قانون یا ضوابط کی ممکنہ خلاف ورزی کی تحقیقات میں حصہ لیتا ہے۔




# میں ہوں
# convergint®

## کوئی بھی تبدیلی لا سکتا ہے۔
## میں اپنی پوزیشن کا مالک ہوں۔

ضابطہ اخلاق ("ضابطہ") Convergint میں کام کرنے والے ہرشخص، بشمول تمام افسران، ایجنٹ، ٹھیکیدار یا مشیر پر لاگو ہوتا ہے۔ یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ ضابطہ اخلاق کی پابندی کریں اور یہ سمجھیں کہ اس کا آپ کی ملازمت کی ذمہ داریوں سے کیا تعلق ہے۔

ہر رفیق Convergint کا ایک اہم جزو ہے۔ آپ سے توقع کی جاتی ہے کہ آپ ٹیم میں اپنی پوزیشن کی ذمہ داری کو سمجھیں۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ وہی کریں جو آپ کہتے ہیں کہ آپ کرنے جا رہے ہیں اور اس کو صحیح ڈھنگ سے کریں۔ آپ Convergint کے مشن کے لیے ہر وقت پرعزم ہیں۔

ضابطہ خاص طور پر آپ کو درپیش ہر ممکنہ کاروباری منظر نامے یا اخلاقی مخمصے کو حل نہیں کر سکتا، لیکن یہ آپ کو صحیح کام کرنے کی ذمہ داری سے آزاد نہیں کرتا ہے۔ جب آپ کو اس بارے میں یقین نہ ہو کہ آپ کو کیا قدم اٹھانا ہے، تو ضابطہ آپ کو مناسب قدم کے انتخاب میں مدد کرنے کے لیے رہنمائی اور وسائل فراہم کرتا ہے۔ آپ کو ہمیشہ ضابطہ کی روح کے ساتھ ساتھ خط کی بھی تعمیل کرنی چاہیے۔ (VB #3- میرے اندر دیانت داری ہے۔ یہ اس وقت بھی ہوتی ہے جب مجھے کوئی نہیں دیکھ رہا ہوتا ہے)۔

آپ کو سمجھنا چاہیے کہ وہ افراد جو ضابطہ کی خلاف ورزی کرتے ہیں — بشمول ان افراد کے جو مناسب نگرانی کرنے میں ناکام رہتے ہیں اور اپنی نگرانی میں کام کرنے والے رفقاء کے ذریعہ خلاف ورزی کو نوٹ کرنے اور اس کی اطلاع دینے میں لاپرواہی کرتے ہیں— انضباطی کاروائی سے لے کر برطرفی تک کے شکار بن سکتے ہیں۔ خلاف ورزیوں کی اطلاعات کی تفتیش باعزت، پیشہ ورانہ انداز میں اور جتنی جلدی ممکن ہو سکے کی جائے گی۔

تمام رفقاء قانون کی خلاف ورزیوں کو روکنے اور ان خدشات کو رپورٹ کرنے کے ذمہ دار ہیں جہاں ہمیں ممکنہ مسائل نظر آتے ہیں۔ ہر شخص اپنی روزمرہ کی زندگی میں تبدیلی لا سکتا ہے۔ رفقاء کو اپنی تشویشات پر اپنے براہ راست سپروائزر سے بات کرنی چاہیے۔ اگر کوئی رفیق اپنے سپروائزر کے ساتھ بات کرنے میں مشکل محسوس کرتا ہے، تو درج ذیل کو تشویش کی اطلاع دی جا سکتی ہے:

- ان کے سپروائزر کا براہ راست سپروائزر؛
- ہیومن ریسورس کا ایک رکن؛
- لیگل ڈپارٹمنٹ میں کسی وکیل کو یا عام وکیل کو؛
- Report It پر، جوکہ ایک آزاد تھرڈ پارٹی اخلاقیات اور تعمیل ہاٹ لائن ہے، 1-877-778-5463 پر کال کرکے اور/یا www.reportit.net پر اگر آپ آن لائن رپورٹ کررہے ہیں تو یوزر نام استعمال کریں: Convergint اور پاس ورڈ: hr123۔

حالانکہ یہ ضابطہ سب پر یکساں طور پر لاگو ہوتا ہے، لیڈرشپ رول والے رفقاء کے پاس اضافی ذمہ داریاں ہوتی ہیں۔ اگر آپ لیڈر ہیں، تو آپ کے پاس اپنی ٹیم کے لیے صحیح ٹون سیٹ کرنے کا ایک سنہری موقع ہے، جس کے تحت آپ درج ذیل کام کر سکتے ہیں:

- ایک مثالی لیڈر بنیں اور Convergint کی اقدار اور عقائد کو اپنائیں؛
- جب آپ کو کوئی مسئلہ نظر آئے تو آواز اٹھائیں اور دوسروں کو بھی ایسا کرنے کی ترغیب دیں؛
- یقینی بنائیں کہ آپ کو براہ راست رپورٹ کرنے والوں کو یہ معلوم ہو کہ ان سے کیا توقع کی جاتی ہے۔
- سوالات اور خدشات کا سنیں، اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ مسائل ان لوگوں تک پہنچائے جائیں جو مدد کر سکتے ہیں؛ اور
- ایسے معاملات جن ضابطہ کی خلاف ورزی کے آثار نظر آتے ہوں مناسب ڈپارٹمنٹ کو بھیجیں۔

تمام رپورٹوں کو نیک نیتی کے ساتھ اور ان کے سچ ہونے کی معقول بنیاد کے ساتھ بنایا جانا چاہئے۔ اگرچہ خدشات کی اطلاع دینے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے، لیکن جان بوجھ کر غلط رپورٹ درج کرنے کے نتیجے میں برطرفی سمیت تادیبی کارروائی ہو سکتی ہے۔

رفقاء کی ذمہ داری ہے کہ وہ کمپنی کی تحقیقات میں تعاون کریں۔ کمپنی کی تفتیش میں مکمل تعاون کرنے میں ناکامی یا اس طرح کی تفتیش میں ثبوت یا گواہی فراہم کرتے وقت مکمل طور پر سچا ہونے میں ناکامی برطرفی سمیت تادیبی کارروائی کی بنیاد ہو سکتی ہے۔ اگر تحقیقات میں ضرورت پڑی تو مناسب اصلاحی یا تادیبی کارروائی کی جائے گی۔



## کوئی انتقامی کاروائی نہیں

Convergint انتقامی کاروائی کو ممنوع قرار دیتا ہے۔ مؤثر طریقے سے کام کرنے کے لیے، تمام رفقاء کے لیے ایک دوسرے پر بھروسہ اور احترام کرنا بہت ضروری ہے۔ Convergint کسی بھی ایسے شخص کے خلاف انتقامی کارروائی کو سختی سے منع کرتی ہے جو نیک نیتی سے رپورٹ کرتا ہے یا ہمارے ضابطہ اخلاق، کمپنی کی پالیسیوں، یا قابل اطلاق قانون یا ضوابط کی ممکنہ خلاف ورزی کی تحقیقات میں حصہ لیتا ہے۔ کمپنی ان سرگرمیوں میں سے کسی میں ملوث ہونے پر کسی کے خلاف انتقامی کارروائی کرنے والے پر تادیبی کارروائی کرے گی جس میں برطرفی بھی ہو سکتی ہے۔

## بیرونی مواصلات

Convergint اس بات کو یقینی بنانا چاہتی ہے کہ ہم نیوز میڈیا، عام لوگوں اور ہماری سرگرمیوں میں دلچسپی رکھنے والے دیگر لوگوں کو سچی اور درست معلومات فراہم کریں۔ بیرونی مواصلات میں بھی اسی احساس ذمہ داری کا مظاہرہ کیا جانا چاہیے جو ہمارے اندرونی مواصلات میں ہوتا ہے۔ آپ کو Convergint کی جانب سے صرف اسی صورت میں بات کرنی چاہیے جب آپ کو ایسا کرنے کا اختیار دیا گیا ہو۔ Convergint سے جواب کی درخواست کرنے والے نیوز میڈیا کے تمام سوالات کو مارکیٹنگ ڈپارٹمنٹ کو بھیج دیا جانا چاہیے۔




# میں اپنی **مسلسل ترقی** کے لیے ذمہ دار ہوں

## میری بہتری میں Convergint کی بہتری ہے

رفقاء سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ ان قوانین اور ضوابط کے ساتھ ساتھ کمپنی کی پالیسیوں کو سمجھیں اور ان کی تعمیل کریں جو ہمارے کام کے فنکشنز اور ان مقامات پر لاگو ہوتی ہیں جہاں ہم کام کرتے ہیں۔ اگر آپ پریقین نہیں ہے کہ آیا قانون، ضابطہ، یا کمپنی کی پالیسی کے مطابق سوچی سمجھی کارروائی کی اجازت ہے یا نہیں، تو آپ کو اپنے سپروائزر، اپنے علاقائی ہیومن ریسورس بزنس پارٹنر یا لیگل ڈپارٹمنٹ کے کسی رکن سے رابطہ کر کے مشورہ لینا چاہیے۔

رفقاء کو اخلاقیات اور تعمیل کی تربیت میں حصہ لینے کی صلاح دی جاتی ہے تاکہ وہ قابل اطلاق قانونی اور اخلاقی تقاضوں اور کمپنی کی تعمیل کی توقعات کے بارے میں اپنے علم اور سمجھ کو مسلسل بہتر بنا سکیں۔

## شمولیت اور تنوع کی پالیسی

Convergint تمام لوگوں کے ساتھ عزت اور وقار کے ساتھ برتاؤ کرنے پر یقین رکھتی ہے۔ ہم ایک معاون اور افہام و تفہیم کا ماحول بنانے اور فروغ دینے کی کوشش کرتے ہیں جس میں تمام افراد اپنے اختلافات سے قطع نظر کمپنی کے اندر اپنی بھرپور صلاحیتوں کا احساس کریں۔ ہم اپنے صارفین کے بہترین سروس فراہم کنندہ بننے کے لیے بہترین رفقاء کو ملازمت دینے کے لیے پرعزم ہیں۔ ہم اپنی افرادی قوت میں اپنے صارفین اور مارکیٹ کے تنوع کی عکاسی کرنے کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہیں۔ متنوع صلاحیتیں جو ہماری باصلاحیت افرادی قوت کے اندر پائی جاتی ہیں، Convergint کو اپنے متنوع صارفین کی ضروریات کا اندازہ لگانے اور انہیں پورا کرنے اور اعلی ترین معیار کی خدمات فراہم کرنے کا اہل بناتی ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ تنوع کے نتیجے میں آنے والے تناظر کی وسیع صف جدت اور کاروباری کامیابی کو فروغ دیتی ہے۔ تنوع ہمیں زیادہ تخلیقی، لچکدار اور مسابقتی بناتی ہے اور ہماری پیداواریت کو بڑھاتی ہے۔

Convergint کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ تمام رفقاء اور ملازمت کے درخواست دہندگان کو مساوی مواقع فراہم کیے جائیں اور یہ کہ ہماری تنظیم معاشرے کے تمام طبقات کی نمائندہ بنے۔ ہر رفیق کا احترام کیا جائے گا اور اس کی قدر کی جائے گی جس کے نتیجے میں وہ اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرے گا۔ Convergint سب کو برابری اور انصاف فراہم کرنے اور کسی بھی بنیاد پر کم سازگار سہولیات نہ دینے یا برا برتاؤ نہ کرنے کا پابند ہے۔ V&B 9- ہم ایک محفوظ، جامع اور مثبت کام کے ماحول کو اپناتے ہیں

### معاون پالیسیاں

- شمولیت اور تنوع کی پالیسی






میرے اندر دیانت داری ہے

# یہ اس وقت بھی ہوتی ہے جب مجھے کوئی نہیں دیکھ رہا ہوتا ہے۔

ہم اپنے تمام معاملات میں انصاف، دیانت اور اچھی کاروباری اخلاقیات کو دھیان میں رکھتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ اس وقت بھی صحیح کام کرتے ہیں جب کوئی دیکھ بھی نہیں رہا ہوتا ہے۔ کمپنی کے لیے اپنا کام کرتے وقت یہ ضروری ہے کہ آپ اپنی قانونی اور اخلاقی ذمہ داریوں کو سمجھیں۔

ایک عالمی کمپنی کے طور پر، ہم قوانین اور ضوابط کی بڑھتی ہوئی تعداد کے تابع ہیں اور ہمیں ہر اس ملک میں لاگو تمام قوانین اور ضوابط کی پابندی کرنی ہوگی جہاں Convergint بزنس کرتی ہے۔ ان میں تجارت اور دیگر پابندیوں سے متعلق قوانین اور ضوابط، کسٹم کے ضوابط، درآمد اور برآمد کے کنٹرول، اور رشوت خوری، بدعنوانی اور دیگر غیر اخلاقی کاروباری طریقوں کے خلاف پابندیاں شامل ہیں۔

ہم اپنے تمام رفقاء اور کاروباری شراکت داروں سے تمام قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کی پابندی کرنے کی توقع رکھتے ہیں۔ کسی بھی قانون یا ضابطے کی خلاف ورزی کرنے کی صورت میں کمپنی اور اس میں شامل افراد کے لیے سنگین نتائج ہو سکتے ہیں۔

## مفاد کا تصادم

رفقاء کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایسے ہدایات کے مطابق بزنس کریں جو **مفادات کے حقیقی یا ممکنہ تصادم** کو روکتی ہوں۔

## مفاد کا تصادم کیا ہے؟

مفاد کا اصل یا ممکنہ تصادم اس وقت ہوتا ہے جب کسی رفیق کے ذاتی مفادات یا ذاتی فائدے کے مواقع Convergint کے بہترین مفادات سے ٹکراتے ہیں یا اس میں مداخلت کرتے ہیں۔ مفاد کے تصادم ذاتی تعلقات یا بیرونی کاروباری سرگرمیوں سے پیدا ہو سکتے ہیں۔

**س:** میرے پاس ایک نئے گاہک سے سیلز اکاؤنٹ حاصل کرنے کا موقع ہے جس میں خاندان کا ایک فرد بطور لیڈ بزنس کانٹیکٹ شامل ہوگا۔ کیا میں اس اکاؤنٹ کو سنبھال سکتا ہوں؟

**ج.** ہو سکتا ہے۔ اپنے سپروائزر یا اس فرد کو ہمیشہ مطلع کریں جو آپ کے قریبی تعلق والے وینڈر یا گاہک کے بارے میں قیمتوں کے فیصلے کرنے کا ذمہ دار ہے۔ آپ کو compliance@convergint.com پر لیگل ڈپارٹمنٹ کو مفاد کے اس ممکنہ تصادم کے بارے میں بتا کر ان کی رائے لینی ہوگی۔ ہر صورت حال کا کیس کی بنیاد پر جائزہ لیا جائے گا۔

تمام رفقاء پر کمپنی کا تئیں یہ فرض ہے کہ وہ کمپنی کے جائز مفادات کو موقع آنے پر مقدم رکھیں۔ رفقاء کمپنی کی جائیداد یا معلومات کو ذاتی فائدے کے لیے استعمال نہیں کریں گے یا ذاتی طور پر اپنے لیے کسی ایسے موقع سے فائدہ نہیں اٹھائیں گے جو Convergint میں ان کی پوزیشن کی وجہ سے دریافت کیا گیا ہو۔ **مفاد کے تصادم سے مطلقاً احتراز کریں۔**

ایسے متعدد حالات ہیں جہاں مفاد کے تصادم کی صورتحال پیدا ہو سکتی ہے۔ ایک واضح مثال یہ ہے کہ کوئی رفیق یا خاندان کا قریبی فرد بھی کمپنی کے حریف، سپلائر یا ٹھیکیدار کے مشیر کے طور پر کام کر رہا ہو۔ ایک اور مثال یہ ہے کہ کوئی رفیق کسی حریف، سپلائر یا ٹھیکیدار کا مالک ہے یا اس میں کافی دلچسپی رکھتا ہے۔ اگر کوئی رفیق کسی باہری تجارتی کمپنی یا تنظیم کے بورڈ ممبر کے طور پر کام کرتا ہے تو بھی تصادم کا امکان ہو سکتا ہے۔

اس بات کا تعین کرنا کہ آیا مفاد کا کوئی حقیقی یا ممکنہ تصادم ہے ایک پیچیدہ عمل ہے۔ جب رفقاء ممکنہ تنازعات کے بارے میں کھل کر بات کرتے ہیں، تو مسائل کو کم کرنے کا راستہ تلاش کرنا آسان ہوتا ہے۔ مفادات کے ممکنہ تصادم کے بارے میں سوالات رکھنے والے ساتھیوں کو اپنے سپروائزر، اپنے ہیومن ریسورس ٹیم کے نمائندے، یا لیگل ڈپارٹمنٹ کے کسی رکن سے مشورہ لینا چاہیے۔

## اندرونی تجارت

رفقاء کو Convergint کے کسی بھی ایسے گاہک یا سپلائرز کی سیکیورٹیز میں تجارت کرنے سے سختی سے منع کیا گیا ہے جن کے متعلق **مواد، غیر عوامی** معلومات ان کے پاس ہوں۔ اس طرح کے عمل کو عرف عام میں **"اندرونی تجارت"** کہا جاتا ہے۔ رفقاء کو Convergint کے گاہکوں یا سپلائرز کے بارے میں مواد اور غیر عوامی معلومات دوسروں کو بتانے سے بھی منع کیا گیا ہے۔

ایسی معلومات "مادی" ہوتی ہے جس میں اس بات کا امکان ہو کہ ایک معقول سرمایہ کار اسے اہم سمجھے گا یا یہ کسی کے کمپنی کی سیکیورٹیز خریدنے، اپنے پاس رکھنے یا فروخت کرنے کے فیصلے کو متاثر کر سکتی ہے۔ ایسی معلومات "غیر عوامی" ہوتی ہے جسے وسیع پیمانے پر عوام تک نہیں پہنچایا گیا ہے۔

یہ پابندیاں تمام رفقاء کے ساتھ ساتھ ان کے زیر کنٹرول تمام اداروں، خاندان کے افراد یا ان کے ساتھ رہنے والے دیگر لوگوں، سرمایہ کاری کے اکاؤنٹس جن پر ان کا کنٹرول ہے، جیسے ریٹائرمنٹ پلانز اور کسٹوڈیل اکاؤنٹس پر لاگو ہوتی ہیں۔

**س.** ایک بزنس میٹنگ کے دوران، مجھے معلوم ہوا کہ ہمارا ایک وینڈر ایک ایسے فیصلے کا اعلان کرنے والا ہے جس سے اس کے اسٹاک کی قدر میں بہت زیادہ اضافہ ہوگا۔ تو کیا میں اس خبر کے عام ہونے سے پہلے اسٹاک کے حصص خرید سکتا ہوں؟

**ج.** نہیں۔ 1) یہ مفاد کے تصادم کا معاملہ ہو سکتا ہے کیونکہ آپ Convergint کے ساتھ اپنے تعلق کی وجہ سے حاصل معلومات کو اپنے ذاتی فائدے کے لیے استعمال کر رہے ہیں اور 2) اس معلومات کو اندرونی تجارت سمجھا جا سکتا ہے، جو کہ غیر قانونی ہے۔

## خارجی ملازمت ("جزوقتی کام یا مون لائٹنگ")

کمپنی کو رفقاء کے دوسری نوکریاں قبول کرنے پر کوئی اعتراض نہیں ہے سوائے ان صورتوں کے جہاں: (i) کمپنی میں اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی رفیق کی صلاحیت پر منفی اثر پڑتا ہے (ii) کمپنی کے کاروبار کے ساتھ مسابقت میں ہو؛ یا (iii) کمپنی کی خفیہ معلومات کا استعمال اس میں شامل ہو۔ رفقاء کو دوسری ملازمت ے بارے میں اپنے سپروائزر کو بتانا چاہیے تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ آیا مفاد کے تصادم یا رازداری کی خلاف ورزی کا امکان ہے۔ اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ آپ Convergint کے وسائل جیسے کہ آپ کا کمپیوٹر، فون، پرنٹر، یا کام کا وقت استعمال نہیں کر سکتے۔ اگر آپ کے کوئی سوال ہے، تو براہ کرم compliance@convergint.com پر لیگل ڈپارٹمنٹ سے رابطہ کریں۔

اگر یہ فیصلہ ہو جاتا ہے کہ کسی رفیق کا باہر کا کام اس کی کارکردگی، کمپنی کی حفاظت یا ضروریات کو پورا کرنے کی اہلیت میں مداخلت کرتا ہے، تو اس رفیق سے کہا جا سکتا ہے کہ اگر وہ کمپنی کے ساتھ ملازمت میں رہنا چاہتے ہیں تو باہر کی ملازمت چھوڑ دیں۔



# میں سب کو باخبر رکھتا ہوں

## - کمیونیکیشن اہم ہے

ہمارے رفقاء، شراکت داروں، سپلائرز، اور گاہکوں کے ساتھ موثر کمیونیکیشن بحیثیت کمپنی ہماری کامیابی کا کلیدی حصہ ہے۔ کمیونیکیشن بھی ہمارے ضابطہ اخلاق کا ایک اہم جزو ہے۔ اگر آپ کو کوئی مسئلہ نظر آئے تو آواز اٹھائیں اور دوسروں کو بھی ایسا کرنے کی ترغیب دیں۔ رفقاء کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنے سپروائزر، اپنے ہیومن ریسورس بزنس پارٹنر، یا لیگل ڈپارٹمنٹ کے ممبر سے ہمارے ضابطہ اخلاق سے متعلق کسی بھی سوال یا تشویش کے بارے میں بات کریں۔

لیڈران اور سپروائزرز پر ایک کھلا اور سازگار ماحول بنانے کی اضافی ذمہ داری عائد ہوتی ہیں جہاں رفقاء سوالات پوچھنے اور خدشات کا اظہار کرنے میں آسانی محسوس کریں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ مسائل ان لوگوں تک پہنچائے جائیں جو مدد کر سکتے ہیں۔ ایسے معاملات جو ضابطہ یا کمپنی کی پالیسی کی خلاف ورزی کی نشاندہی کر سکتے ہیں ان کی اطلاع ہیومن ریسورس یا لیگل ڈپارٹمنٹ کو دیں۔






# میں ذمہ دار فیصلے کرتا ہوں

convergint

## بروقت، باخبر ، اور نفع بخش ۔

رفقاء سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ ایک دوسرے کی اور کمپنی کے مالی اثاثوں کی حفاظت کریں گے۔ رفقاء کو طرز عمل کے معاملات میں قابل قبول کاروباری اصولوں پر عمل کرنا چاہیے اور ہر وقت اعلیٰ درجے کی دیانت کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ رفقاء ذمہ دارانہ فیصلے کرتے ہیں جو کمپنی بھر میں ٹیم ورک اور پیشہ ورانہ مہارت کی حمایت کرتے ہیں۔

## صحت، حفاظت اور پیشہ ورانہ طرز عمل

*میں اپنی، اپنے گاہکوں کی، اور اپنے رفقاء کی حفاظت کرتا ہوں۔*

Convergint ایک منشیات سے پاک کام کی جگہ ہے اور کام کا محفوظ ترین ماحول فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ ہم ٹولز، ٹریننگ، اور پروگرام فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہیں تاکہ تمام پروجیکٹس اور سروس بغیر کسی حادثے یا چوٹ کے مکمل ہوسکیں۔ اس ثقافت کو سپورٹ کرنے اور تمام رفقاء کے درمیان حفاظت سے متعلق آگاہی بڑھانے کے لیے، نیشنل سیفٹی آفیسر کی ہدایت پر ہر دفتر میں ایک خاص سیفٹی کوآرڈینیٹر موجود ہے۔ Convergint کے کام کی جگہ کی صحت اور حفاظت کے پروگرام میں تحریری پالیسیاں، پروجیکٹ کی مخصوص سرگرمی کے منصوبے، وسائل، تربیتی پروگرام اور باقاعدہ میٹنگ شامل ہیں۔

ہر رفیق کی کمپنی کے ماحولیاتی، حفاظت اور صحت کے اصولوں اور طریقوں پر عمل کرتے ہوئے تمام ساتھیوں کے لیے ایک محفوظ اور صحت مند کام کی جگہ کو برقرار رکھنے کی بھی ذمہ داری ہے۔ اس میں تمام حادثات، چوٹوں، غیر محفوظ آلات، طریقوں یا حالات کی اطلاع دینا شامل ہے۔

کمپنی یہ بھی توقع کرتی ہے کہ تمام رفقاء سارے قابل اطلاق ماحولیاتی قوانین اور ضوابط پر عمل کریں گے۔ اگر کوئی رفیق اپنی ذمہ داری یا فرض کے بارے میں کسی تشویش میں مبتلا ہے، تو اسے اپنے سپروائزر یا لوکیشن لیڈر سے مشورہ کرنا چاہیے۔

حفاظت کی طرح ہی شمولیت اور مثبتیت بھی اہمیت کی حامل ہیں۔ (V&B 9-) ہم ایک محفوظ، جامع اور مثبت کام کے ماحول کو اپناتے ہیں) ہم جانتے ہیں کہ ہر رفیق تبدیلی لا سکتا ہے۔

رقاء کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ دوسرے رفقاء کے ساتھ اپنے تنازعات یا اختلافات کو قیادت کے علم میں لے آئیں اس سے پہلے کہ صورتحال ممکنہ تشدد کی طرف بڑھ جائے۔ رفقاء، صارفین، سپلائرز، یا عام لوگوں کی طرف سے یا ان کے خلاف دھمکیاں، تشدد کی کارروائیاں اور جسمانی تشدد سختی سے منع ہیں۔ رفقاء کو یہ فرض کرنا چاہیے کہ تشدد کا کوئی خطرہ یا واقعہ سنگین ہے اور اس کی اطلاع دینی چاہئے۔ اس میں رفقاء کی دھمکیوں کے ساتھ ساتھ صارفین، سپلائرز، یا عوام کے دیگر ارکان کی دھمکیاں بھی شامل ہیں۔

**پالیسیاں:**

- **منشیات سے پاک کام کی جگہ کی پالیسی**
- **شمولیت اور تنوع کی پالیسی**
- **ملازم کا کتابچہ**

## ذاتی معلومات

ہم اپنے رفقاء، سپلائرز، شراکت داروں اور گاہکوں کی رازداری کا احترام اور قدر کرتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو تمام ذاتی معلومات کا احتیاط اور احترام کے ساتھ استعمال کرنا چاہئے اور اس کی حفاظت کرنا چاہیے، اور اسے صرف جائز اور مجاز مقاصد کے لیے استعمال کرنا چاہیے۔ ذاتی معلومات کوئی بھی ایسی معلومات ہے جو براہ راست یا بالواسطہ طور پر کسی فرد کی شناخت کرتی ہے اور اس کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے۔ رفقاء کو ذاتی معلومات کی نامناسب رسائی اور افشاء سے بچنا چاہیے اور ایسے حفاظتی تحفظات کا استعمال کرنا چاہیے جو اس طرح کے ڈیٹا کی حساسیت کے لیے موزوں ہوں۔ تمام ذاتی معلومات تمام قابل اطلاق قوانین اور رازداری کی پالیسیوں کے مطابق رکھی جانی چاہیے۔ ان قوانین کی تعمیل کرنے میں ناکامی کے نتیجے میں Convergint یا ہمارے رفقاء کے خلاف جرمانے، غرامے، قانونی چارہ جوئی یا دیگر پابندیاں عائد کی جا سکتی ہیں۔

اگر آپ کو ذاتی معلومات کو ہینڈل کرنے کے بارے میں کوئی تشویش ہے تو براہ کرم لیگل ڈپارٹمنٹ سے رابطہ کریں۔ کسی بھی معلوم یا مشتبہ غیر مجاز استعمال یا ذاتی معلومات کے افشاء کی فوری طور پر اطلاع دیں۔ اگر ڈیٹا کی خلاف ورزی یا سیکیورٹی کے واقعے میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کا رول مشتبہ ہے، تو رفیق کو فوری طور پر آئی ٹی ہیلپ ڈیسک سے رابطہ کرنا چاہیے۔

**پالیسیاں:**
- **ذاتی معلومات کے تحفظ کی پالیسی**

## کمپنی کے اثاثوں کا تحفظ اور مناسب استعمال

تمام ساتھیوں کو Convergint کے اثاثوں کی حفاظت کرنی چاہیے اور کمپنی کے جائز مقاصد کے لیے ان کے صحیح استعمال کو یقینی بنانا چاہیے۔ Convergint کے اثاثوں کی چوری، لاپرواہی اور ضائع ہونے کا براہ راست اثر کمپنی کے منافع پر پڑتا ہے۔ رفقاء کو دھوکہ دہی یا چوری کے کسی بھی مشتبہ واقعے کی اطلاع تفتیش کے لیے اپنے سپروائزر یا ریجنل ہیومن ریسورس بزنس پارٹنر کو دینی چاہیے۔

## خفیہ اور ملکیتی معلومات

معلومات ایک قیمتی اثاثہ ہے۔ Convergint سے باہر کسی کے بھی ساتھ رازدارانہ معلومات کا اشتراک نہ کریں، اور Convergint کے ایسے رفقاء سے اس بارے میں بات نہ کریں جن کو اس معلومات کو جاننے کی ضرورت نہیں ہے۔ تمام رفقاء پر اپنے دستخط شدہ کولیگ معاہدے کی لوازمات پر عمل کرنے کی ذمہ داری ہے۔ اس میں Convergint، اس کے صارفین اور سپلائرز کی خفیہ اور ملکیتی معلومات کی حفاظت کی ذمہ داری شامل ہے، سوائے اس کے کہ جہاں قوانین یا ضوابط ("خفیہ اور ملکیتی معلومات") کے ذریعہ افشاء کی ضرورت ہو۔ خفیہ اور ملکیتی معلومات کو محفوظ رکھنے کی ذمہ داری ملازمت ختم ہونے کے بعد بھی جاری رہتی ہے۔ اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ ہم دوسروں کی خفیہ معلومات کا بھی احترام کرتے ہیں اور سابق آجروں سے Convergint میں کوئی مواد نہیں لاتے ہیں۔

## خفیہ اور ملکیتی معلومات کیا ہے؟

کوئی بھی ایسی معلومات یا مواد جو عام طور پر عوام کے لیے دستیاب نہیں ہے جو کمپنی کے کاروبار، صارفین، سپلائرز یا کاروباری شراکت داروں سے متعلق ہو۔ اس میں وہ تمام غیر عوامی معلومات بھی شامل ہیں جو حریفوں کے لیے کارآمد ہو سکتی ہیں یا Convergint یا اس کے صارفین یا سپلائرز کے لیے نقصان دہ ہو سکتی ہیں۔

اس میں مندرجہ ذیل شامل ہیں لیکن یہ ان تک ہی محدود نہیں ہے:
- سپلائر، پارٹنر یا کسٹمر کی خفیہ معلومات
- دانشورانہ ملکیت (تجارتی راز، پیٹنٹ، ٹریڈ مارک، اور کاپی رائٹس)
- معاہدے کی شرائط یا ضوابط
- قیمتوں کا تعین یا ہدف مارجن
- بزنس، مارکیٹنگ اور سروس کے منصوبے
- انجینئرنگ ڈیزائن
- ڈیٹا بیس، ریکارڈز
- مالیاتی ڈیٹا اور رپورٹس

جب آپ کسی کلائنٹ، بزنس پارٹنر، سپلائر یا دیگر سے خفیہ اور ملکیتی معلومات (بشمول ذاتی معلومات) وصول کرتے ہیں، تو یقینی بنائیں کہ آپ ہماری قانونی، معاہدہ سے متعلق اور پالیسی کی ذمہ داریوں کو سمجھتے ہیں اور ان کی پیروی کرتے ہیں۔ اگر آپ کو اس سلسلے میں کوی شبہ ہے کہ یہ معلومات خفیہ ہے یا نہیں تو اس کے ساتھ خفیہ معلومات جیسا معاملہ کریں اور لیگل ڈیپارٹمنٹ کے ممبر سے مشورہ لیں۔

ہم انفرادی اور اجتماعی طور پر اپنے معلومات کے تحفظ کے خطرے کو کم کرنے کے ذمہ دار ہیں — جس میں آلات کے ساتھ ساتھ ڈیٹا اور معلومات کی حفاظت بھی شامل ہے۔ اگر آپ نہیں جانتے کہ آیا کوئی خاص عمل معلومات کے تحفظ کے لئے خطرے کا باعث بن سکتا ہے تو اسے کرنے سے پہلے رہنمائی حاصل کریں۔ اپنے لیپ ٹاپ، فون یا دستاویزات کو محفوظ رکھیں جن میں خفیہ اور ملکیتی معلومات موجود ہیں

اگر کوئی رفیق خفیہ اور ملکیتی معلومات کھو دیتا ہے (بشمول ان صورتوں میں جہاں اسے فون یا لیپ ٹاپ پر محفوظ کیا جاتا ہے، مثال کے طور پر)، تو اسے اس نقصان کی اطلاع فوری طور پر اپنے سپروائزر اور آئی ٹی ہیلپ ڈیسک کو دینی چاہیے اگر انفارمیشن ٹیکنالوجی بھی ملوث ہے۔ خفیہ اور ملکیتی معلومات کا غیر مجاز استعمال یا تقسیم کمپنی کی پالیسی کی خلاف ورزی ہے، جس کے نتیجے میں معطلی سمیت تادیبی کارروائی ہو سکتی ہے۔ اس میں سوشل میڈیا کی کسی بھی شکل، جیسے کہ بلاگ، نیٹ ورکنگ سائٹس، یا ڈسکشن فورمز کے ذریعے خفیہ معلومات کا غیر مجاز انکشاف شامل ہے۔

**معلومات کی حفاظت اور اپنی مخصوص ذمہ داریوں کے بارے میں تفصیلی معلومات کے لیے دیکھیں**

- **سائبر سیکیورٹی پالیسی**
- **ڈیٹا ہینڈلنگ کی پالیسی**
- **اثاثہ جات کے انتظام کی پالیسی**
- **کسٹمر نیٹ ورک تک رسائی کی پالیسی**
- **انفارمیشن سیکیورٹی پالیسی**
- **سوشل میڈیا پالیسی**

## ریکارڈ رکھنا، مالیاتی کنٹرول اور انکشافات

ذمہ دارانہ کاروباری فیصلے کرنے کے لیے کمپنی کے لئے ایماندارانہ، درست اور بروقت ریکارڈنگ اور معلومات کی رپورٹنگ ضروری ہے۔ بزنس ست متعلق تمام اخراجات کے اکاؤنٹس اور ٹائم شیٹس کو بروقت دستاویزی صورت میں اور درست طریقے سے ریکارڈ کیا جانا چاہیے۔ اگر کسی رفیق کو شبہ ہے کہ آیا کوئی خاص خرچ جائز ہے یا نہیں، تواسے اپنے سپروائزر سے مشورہ کرنا چاہیے۔ پالیسی سے متعلق ہدایات Convergint کے چیف اکاؤنٹنگ آفیسر یا نامزد مالیاتی لیڈر کے پاس دستیاب ہیں۔ جھوٹی، غلط یا دھوکہ دہی والے اخراجات، ٹائم شیٹس، ڈاکٹر کے نوٹس، صحت کی دستاویزات یا دیگر بزنس ریکارڈ جمع کرانا کمپنی کی پالیسی کی سنگین خلاف ورزی ہے اور اس کے نتیجے میں برطرفی سمیت تادیبی کارروائی ہو سکتی ہے۔

یہ ہماری پالیسی اور پریکٹس رہی ہے کہ رفقاء کو پورے وقت کا مناسب معاوضہ دیا جائے جتنا انھوں نے کام کیا ہے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کسی رفیق کی تنخواہ سے کوئی غلط کٹوتی نہ کی جائے۔ اس مقصد کے لیے، رفقاءکو اپنے چیک فوری طور پر دیکھنا چاہئے اور کسی بھی غلطی یا تضاد کی نشاندہی کرکے اس کی اطلاع دینی چاہیے۔ ہم یہ یقینی بنانے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں کہ ہمارے رفقاء کو صحیح ڈھنگ سے ادائیگی کی جائے۔ غلطیاں ہونے اور ہماری توجہ مبذول کرائے جانے کی صورت میں ہم فوری طور پر چھان بین کریں گے اور حسب ضرورت اصلاح کریں گے۔

کمپنی کے تمام رجسٹر، ریکارڈ، اکاؤنٹس اور مالی بیانات مناسب تفصیل کے ساتھ برقرار رکھے جانے چاہئیں، کمپنی کے لین دین کی مناسب عکاسی کرنے چاہئیں، کسی بھی قابل اطلاق قوانین یا ضوابط کے مطابق فوری طور پر ظاہر کئے جانے چاہئیں اور قابل اطلاق قانونی تقاضوں اور کمپنی کے اندرونی کنٹرول کے نظام دونوں کے مطابق ہونے چاہئیں۔ کمپنی کی ریکارڈ برقرار رکھنے کی پالیسیوں کے مطابق ریکارڈز کو برقرار رکھا جانا چاہیے یا تباہ کیا جانا چاہیے۔

## مالیاتی رپورٹنگ

یہ اہم ہے کہ کمپنی کی فائلنگز اور دیگر قانونی طور پر لازمی رپورٹیں، بشمول قابل اطلاق ٹیکس کے حکام کے پاس دی جانے والی رپورٹیں، درست اور بروقت ہوں۔ کمپنی توقع کرتی ہے کہ رفقاء اس ذمہ داری کو بہت سنجیدگی سے لیں گے اور کمپنی کے ڈسکلوزر کے تقاضوں سے متعلق پوچھ گچھ کے فوری اور درست جوابات فراہم کریں گے۔

Convergint کمپنی پر لاگو تمام مالیاتی رپورٹنگ اور اکاؤنٹنگ کے ضوابط کی تعمیل کرتا ہے۔ اگر کسی رفیق کو کمپنی کے اکاؤنٹنگ یا آڈیٹنگ کے معاملات سے متعلق خدشات یا شکایات ہیں، تو اس کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ان خدشات کو کمپنی کے صدر یا رپورٹنگ سیکشن میں بیان کردہ مواصلاتی چینلز کے ذریعے پیش کرے۔

## سیاسی چندہ

ساتھی اپنی پسند کے خیراتی اداروں اور امیدواروں کی حمایت کے لیے اپنے ذاتی فنڈز اور وقت کا استعمال کر سکتے ہیں، لیکن CEO کی طرف سے پیشگی منظوری کے بغیر Convergint کے وسائل یا نام کا استعمال نہیں کر سکتے۔




ہم اپنے صارفین
کے لئے ان کے
**بہترین سروس
فراہم کنندہ** بننے
کی توقع کرتے
ہیں-

convergint

## چاہے ہمارا بزنس کچھ بھی ہو۔

اپنے بزنس کے تمام شعبوں میں، ہم اپنے صارفین کے لئے ان کے بہترین سروس فراہم کنندہ بننے کی توقع کرتے ہیں۔ ہماری کارکردگی کا ایک بنیادی عنصر ایسے کاروباری طریقے اختیار کرنا ہے جو قانون کی پابندی کرنے والے، منصفانہ اور ایمانداری پر مبنی ہوں۔

## منصفانہ اور دیانت دار مقابلہ آرائی

مارکیٹ پلیس میں، Convergint اپنے مد مقابل پر منصفانہ اور ایمانداری سے سبقت لے جانے کی کوشش کرتی ہے۔ کمپنی اعلی کارکردگی کے ذریعے مسابقتی فوائد حاصل کرتی ہے، اور کبھی غیر اخلاقی یا غیر قانونی کاروباری طریقوں کا استعمال نہیں کرتی۔ ہر رفیق کو کمپنی کے صارفین، سپلائرز اور حریفوں کے حقوق کا احترام کرنا چاہیے اور ان کے ساتھ منصفانہ سلوک کرنا چاہیے۔ کسی بھی رفیق کو ہیرا پھیری، چھپانے، مراعات یافتہ معلومات کے غلط استعمال، مادی حقائق کی غلط بیانی، یا کسی دوسرے غیر قانونی تجارتی عمل کے ذریعے کسی کا ناجائز فائدہ نہیں اٹھانا چاہیے۔

Convergint تمام قابل اطلاق مسابقتی قوانین کی تعمیل کرتا ہے (جسے امریکہ میں "اینٹی ٹرسٹ لا" کے نام سے جانا جاتا ہے)۔ عام طور پر، یہ قوانین حریفوں کے ساتھ ایسے موضوعات پر بحث کرنے سے منع کرتے ہیں جن میں تجارت کو روکنے کا امکان ہے۔ اسی طرح سے، کسی بھی رفیق کو حریفوں کے ساتھ اس طرح کی بحث کرنے یا دوسری صورت میں قیمتوں کے تعین، بولی میں دھاندلی، منڈیوں یا گاہکوں کی تقسیم، یا اس طرح کی غیرقانونی مسابقتی مخالف سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی اجازت نہیں ہے۔ مسابقتی قوانین تھرڈ پارٹی کے ساتھ ایسے غیر رسمی یا رسمی معاہدوں سے بھی منع کرتے ہیں جو مسابقت کو محدود کر سکتے ہیں۔ ممنوعہ معاہدوں کی مثالوں میں دوبارہ فروخت کی قیمتیں طے کرنا، منڈیوں، گاہکوں یا علاقوں کو مختص کرنا، مخصوص پارٹیوں سے خریدنے یا بیچنے سے انکار، یا غیر قانونی بائیکاٹ کی حمایت کرنے کو کہا جانا شامل ہیں۔ کسی بھی فریق کو تھرڈ پارٹی کے ساتھ اس قسم کے معاہدوں میں داخل ہونے (یا زیر غور لانے) کی اجازت نہیں ہے۔ یاد رکھیں کہ معاہدوں کے غیر قانونی ہونے کے لیے ان کا دستخط شدہ ہونا ضروری نہیں ہے۔
آپ اور کسی حریف کے درمیان غیر رسمی تفہیم، یا یہاں تک کہ کسی تفہیم سے متعلق بات چیت بھی مسئلہ کھڑا کر سکتی ہے۔ کسی مدمقابل کے ساتھ بات کرنے کے دوران اگر ان میں سے کوئی بھی موضوع سامنے آتا ہے تو بات چیت کو فوری طور پر روک دیں اور اس کی اطلاع لیگل ڈپارٹمنٹ کو دیں۔

## انسداد بدعنوانی اور انسداد رشوت ستانی

اس کا اصول آسان ہے: کسی کو بھی، کسی بھی وقت، کسی بھی وجہ سے رشوت نہ دیں۔ Convergint کے لیے اپنے کام کے سلسلے میں رشوت نہ مانگیں اور نہ ہی قبول کریں۔

بزنس حاصل کرنے یا غیر منصفانہ فائدہ حاصل کرنے کے لیے رشوت، نامناسب ادائیگی یا قیمتی چیزوں کی پیشکش یا ادائیگی کے سلسلے میں کمپنی بالکل روادار نہیں ہے، چاہے ہم کہیں بھی بزنس کر رہے ہوں۔ کمپنی کسی ایسے رفیق کے لیے بھی رواداری نہیں رکھتی ہے جو Convergint کے لیے اپنے کام کے سلسلے میں ایسی کسی بھی غیر مناسب ادائیگی کی درخواست کرتا ہے یا وصول کرتا ہے (مثلاً سپلائرز سے کک بیکس لینا)۔

رشوت کی پیشکش، ادائیگی، وصولی، یا رشوت مانگنا بدعنوانی کے بڑھتے ہوئے عالمی قوانین، بشمول یو ایس فارن کرپٹ پریکٹسز ایکٹ اور یوکے برائبری ایکٹ، کی خلاف ورزی ہو سکتی ہے، اور کمپنی کو سخت جرمانے اور مستقبل کے معاہدوں چھین لئے جانے جیسے نقصانات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ یہ مجرمانہ جرائم ہیں اور اس کے نتیجے میں ایسے طریقوں میں ملوث افراد کو جرمانے یا جیل کی سزا ہو سکتی ہے۔ انسداد بدعنوانی کے قوانین متعلقہ ممالک کی سرحدوں سے باہر کی سرگرمیوں پر بھی لاگو ہوتے ہیں، اور کمپنی جہاں اور جب بھی بزنس کرتی ہے لاگو ہوتے ہیں۔

**تھرڈ پارٹی سے معاملہ کرنا**

Convergint اپنے تمام رفقاء کے ساتھ ساتھ کمپنی کی جانب سے کام کرنے والے دیگر افراد (بشمول جوائنٹ وینچر اور دیگر کاروباری شراکت داروں، سپلائرز، ایجنٹس، ڈسٹری بیوٹرز اور کنسلٹنٹس وغیرہ) سے توقع کرتا ہے کہ وہ دیانتداری کے ساتھ بزنس سے متعلق معاملات کو انجام دیں۔ رشوت اور بدعنوانی سے بچیں، اور ہر وقت قابل اطلاق قوانین کی تعمیل کریں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی بھی کاروباری پارٹنر (کمپنی کو یا اس کی طرف سے سامان اور خدمات فراہم کرنے والے) کے ساتھ معاملہ کرنے سے پہلے بدعنوانی کے خطرے کا اندازہ کیا جانا چاہئے اور کاروباری پارٹنر پر مناسب احتیاط برتی جانی چاہئیں۔ ایک بارکام میں شامل کئے جانے کے بعد، کاروباری شراکت داروں کی نگرانی کی جانی چاہیے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ وہ اخلاقی اور قانونی طریقے سے کام کر رہے ہیں۔ کسی بھی ممکنہ خطرے کے لئے تیار رہیں۔ یہ بہت اہم ہے کیونکہ Convergint کو اپنے کاروباری شراکت داروں کے اقدامات کے لیے ذمہ دار ٹھہرایا جا سکتا ہے اگر وہ کمپنی کی جانب سے ہمارے علم کے بغیر بھی رشوت دیتے ہیں۔

بزنس پارٹنر کو کبھی بھی ایسا کچھ بھی کرنے، پوچھنے یا کرنے کی اجازت نہیں دی جانی چاہیے جو اس ضابطہ یا کمپنی کی کسی پالیسی یا طریقہ کار کے ذریعے ممنوع ہو، اگر ایسی سرگرمی کسی رفیق کے ذریعے کی گئی ہو۔

**سرکاری عہدیداروں کے ساتھ معاملہ کرنا**

یوں تو بدعنوانی کسی بھی کاروباری لین دین میں (بشمول تجارتی ہم منصبوں کے درمیان) کہیں بھی ہو سکتی ہے، اور غیر قانونی ہے، لیکن بدعنوانی کا خطرہ اس وقت زیادہ ہوتا ہے جب حکومتی اداروں اور سرکاری اہلکاروں (بشمول سرکاری کمپنیوں کے ملازمین) کے ساتھ معاملہ کیا جاتا ہے۔ سرکاری اہلکاروں کو رشوت دینا یا لینا ہر ملک میں قانون کے خلاف ہے اور اس میں ملازم اور کمپنی دونوں کے لیے مجرمانہ سزائیں ہیں۔

انسداد بدعنوانی کے قوانین عام طور پر کسی سرکاری اہلکار، یا کسی دوسرے شخص کو جن کے ساتھ کمپنی کاروبار کرتی ہے، کو کمپنی کے لئے غلط طریقے سے بزنس حاصل کرنے، برقرار رکھنے یا کمپنی کے طرف بزنس لانے کے بدعنوان مقصد کے لیے ***کوئی قیمتی چیز*** دینے یا پیش کرنے سے منع کرتے ہیں اس میں، مثال کے طور پر، غلط طریقے سے ویزا، لائسنس یا اجازت نامہ حاصل کرنے کے لیے کی گئی ادائیگیاں اور ساتھ ہی سیلز اور معاہدوں کو برقرار رکھنے کے لیے کی جانے والی غلط ادائیگیاں شامل ہیں۔

"قیمتی چیز" کی تشریح بہت وسیع مفہوم میں کی جاتی ہے اور اس میں تفریح، کھانا، سفر اور تحائف کے ساتھ ساتھ احسانات، ملازمت کی پیشکشیں اور کوئی دیگر چیز بھی شامل ہو سکتی ہے جس کی وصول کنندہ کے لیے کوئی قدر یا فائدہ ہو۔



**تحائف، مہمان نوازی، تفریح اور سفر**
کمپنی کی پالیسی کے مطابق اوپر بیان کیے گئے کسی بھی نامناسب مقصد کے لیے تفریح، کھانے، سفر اور تحائف کی ادائیگی ممنوع ہے۔

سرکاری افسروں اور نجی افراد دونوں کو تفریح، کھانے، سفر یا تحفہ دینے کے لیے ادائیگی کرنا جائز ہے، اگر یہ معمولی قیمت کا ہو جیسا کہ انسداد بدعنوانی اور انسداد رشوت ستانی کی پالیسی میں بیان کیا گیا ہے، یہ مقامی رسم و رواج کے تحت ایک سادہ سا معاملہ ہے، جائز اور حقیقی کاروباری بات چیت سے متعلق ہو، اور کمپنی کی خدمات کو فروغ دیتا ہو، اور کسی نامناسب مقصد کے لیے نہیں کیا گیا ہو۔ اس طرح کی سرگرمیاں اضافی منظوریوں سے مشروط ہو سکتی ہیں جیسا کہ ان پالیسیوں میں بیان کیا گیا ہے اور اس نوعیت کے خرچ کمپنی کے بزنس اور مالیاتی ریکارڈ میں درست طریقے سے درج ہونے چاہئیں۔

مندرجہ بالا رہنمائی کے بارے میں کوئی بھی سوال compliance@convergint.com پر لیگل ڈپارٹمنٹ کو بھیجا جا سکتا ہے۔

**درست ریکارڈ رکھنا**
رشوت خوری اور بدعنوانی کے خطرے سے بچنے اور سرخ جھنڈوں (ممکنہ خطرات) کا پتہ لگانے کے لیے جو اقدامات آپ کر سکتے ہیں ان میں سے ایک سب سے اہم چیز یہ ہے کہ رفقاء اور کمپنی درست مالیاتی اور کاروباری ریکارڈ بنائیں اور برقرار رکھیں جو تمام اخراجات اور کمپنی کے دیگر مالی لین دین کو درست طریقے سے ریکارڈ اور سپورٹ کریں۔ اس کے علاوہ، بعض قوانین کا تقاضا ہے کہ کمپنی کے رجسٹر اور ریکارڈز منصفانہ، درست اور مکمل طور پر ہمارے لین دین اور سرگرمیوں بشمول لین دین یا سرگرمی کی نوعیت اور مقصد کی عکاسی کریں۔



**پالیسیاں:**
- عالمی انسداد بدعنوانی اور انسداد رشوت ستانی کی پالیسی
- ملازم کا کتابچہ



## ہم نتائج
## فراہم
## کرتے ہیں

convergint®

## ... اور بس!

اپنے بزنس کے تمام پہلوؤں میں، ہم نتائج فراہم کرتے ہیں۔ ہم ادواروں اور صنعتوں کی ایک وسیع رینج کے لیے مربوط الیکٹرانک سیکیورٹی حل ڈیزائن کرتے ہیں، ان کی تنصیب کرتے ہیں اور سروس فراہم کرتے ہیں۔ ہم اپنے صارفین کے لیے بہترین نتائج حاصل کرنے اور اپنے باہمی مفادات کو آگے بڑھانے کے لیے ٹھیکیداروں اور موجودہ اور ممکنہ شراکت داروں اور سپلائرز کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ ہمارا بنیادی مقصد اپنے صارفین کو مثالی خدمات فراہم کرنا ہے۔ Convergint کی سروس ایکسیلینس کے جزو کے طور پر، رفقاء کو اپنی ملازمت کے فرائض پر لاگو ہونے والے تمام معیارات کی تعمیل کرنی چاہیے، جس میں قوانین اور ضوابط اور ہماری خدمات میں معیار اور حفاظت کو فروغ دینے کے لیے بنائے گئے داخلی طریقہ کار اور پالیسیاں شامل ہیں۔ رفقاء سے یہ بھی توقع کی جاتی ہے کہ وہ ہر وقت معاہدے کی تفصیلات پر عمل کریں۔ ہم ہر بار معیار اور معتبریت کی اپنے صارفین کی توقعات سے تجاوز کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔






ہم متوازن زندگی پر
یقین رکھتے ہیں

## فیملی۔ بزنس۔ کمیونٹی۔

Convergint ہم اپنی فیملی، بزنس اور کمیونٹی کے لئے متوازن زندگی پر یقین رکھتے ہیں۔

**ہمارے رفقاء اور ان کے فیملیز کے لیے:**

Convergint اپنے افراد کو منصفانہ معاوضہ ادا کرتی ہے اور تمام قابل اطلاق ملازمت اور اجرت اور گھنٹے کے قوانین کی تعمیل کرتا ہے۔ ہم مساوی تنخواہ کے اصولوں کی پابندی کرتے ہیں اور جنس یا کسی دوسری بنیاد پر امتیازی سلوک کے سخت خلاف ہیں۔ Convergint ہمارے رفقاء اور ان کی فیملیز کے لیے صحت مند اور متوازن زندگی کو فروغ دینے کے لیے مختلف قسم کے فائدے کے پروگرام اورچھٹی کی پالیسیوں پر بھی فخر محسوس کرتی ہے۔

**اپنے بزنس کے لئے:**

اس ضابطہ کی بہت سی دفعات کے ساتھ ساتھ کمپنی کی دیگر پالیسیاں ہماری کمپنی کی کامیابی میں معاون ہیں۔ ہمیں اپنی تیز رفتار ترقی پر فخر ہے اور ہم اپنے مستقبل کے بزنس کے مواقع کے لیے پرجوش ہیں۔

**اپنی کمیونٹی کے لئے:**

ہم نے یہاں Convergint میں دینے کا ایک کلچر تشکیل دیا ہے، ایک ایسا کلچر جسے ہم سمجھتے ہیں کہ ایک تنظیم کے طور پر ہماری کامیابی کا راز ہے۔ اپنی مقامی کمیونٹیز کو پورا سال عطیات دینے کے علاوہ ہم اس کلچر کو اپنے سالانہ Convergint کا یوم سماجی ذمہ داری (Social Responsibility Day) پر کچھ مخصوص اقدامات کے ساتھ اور آگے لے جاتے ہیں۔

## Convergint کا یوم سماجی ذمہ داری

ہر سال جون میں Convergint یوم سماجی ذمہ داری کو سپورٹ کرکے اپنا یوم تاسیس مناتی ہے۔ اس دن، کمپنی اپنے تمام مقامات کو بند کر دیتی ہے اور رفقاء اپنی اپنی کمیونٹیز میں رضاکارانہ طور پر کام کرتے ہیں اور ضرورت مندوں کی مدد کرتے ہیں۔

رفقاء کی طرف سے اپنے CTC لیڈر کو سپورٹ کرنے کے لیے تنظیموں یا خیراتی اداروں کے سلسلےمیں دی گئی تجاویز کا بھی استقبال کیا جاتا ہے۔ پچھلی مثالوں میں مقامی فوڈ بینک، پارک کی صفائی، بے گھر لوگوں کے لئے پناہ گاہیں، ہیبی ٹیٹ فار ہیومینٹی، مقامی اسکول ڈسٹرکٹ اور دیگر شامل ہیں۔ Convergint "مدد کے سلسلے کو آگے لے جانے" کے فلسفے کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔

## سپلائر تنوع پروگرام

Convergint نہ صرف ہماری افرادی قوت کے اندر بلکہ ہمارے سپلائرز میں بھی تنوع کے لیے پرعزم ہے۔ کمپنی نے جن کمیونٹیز میں ہم کام کرتے ہیں وہاں کے مقامی ملکیت والے بزنسز کے ساتھ کام کرنے کے فائدے کا تجربہ کیا ہے۔ Convergint کے نقطہ نظر سے، یہ سب کے لئے نفع بخش ہے – ہمارے سپلائر کے بزنس کے لیے، ہمارے اپنے بزنس کے لیے، اور اس کمیونٹی کے لیے جس کا ہم حصہ ہیں۔

Convergint یہ بھی سمجھتی ہے کہ چھوٹے بزنسز کے لیے بڑی تنظیموں کے ساتھ رابطہ بنانا کتنا مشکل ہو سکتا ہے۔ Convergint کے سپلائر تنوع پروگرام کو مختلف بزنسز کے لیے ہمارے شمالی امریکہ کے دفتری مقامات سے رابطہ کرنا آسان بنانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا تھا۔

اگرچہ Convergint ہم سے رابطہ کرنے والی ہر کمپنی کے ساتھ بزنس کرنے کی اہل نہیں ہے، لیکن کمپنی ان کمیونٹیز میں جہاں ہم رہتے ہیں، کام کرتے ہیں اور کھیلتے ہیں، اعلیٰ معیار کے، متنوع سپلائرز اور خدمات فراہم کرنے والوں کے ساتھ مضبوط، فائدہ مند تعلقات استوار کرنے کے موقع کا خیرمقدم کرتی ہے۔ دلچسپی رکھنے والی پارٹیوں کو اضافی معلومات کے لیے کمپنی کی ویب سائٹ سے رجوع کرنا چاہیے۔

## ماحولیاتی تحفظ اور پائیداری

ہم سمجھتے ہیں کہ مناسب وسائل اور فضلہ کو ٹھکانے لگانے کے انتظام کے ذریعے اپنے ماحول کا تحفظ بشمول ہمارے ہر ایک کی ذمہ داری ہے۔ ہم بزنس کے دوران اپنے ماحولیاتی اثرات کو کم سے کم کرنے اور جب بھی ممکن ہو وسائل کی حفاظت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس میں توانائی کی کھپت کو کم کرنے کے لیے بچت کے طریقے استعمال کرنا اور کچرے سے بچنے یا ری سائیکل کرنے کی پوری کوشش کرنا شامل ہیں۔ ہمارے رفقاء ہماری مصنوعات کی محفوظ اور موثر ہینڈلنگ کو یقینی بناتے ہیں، ہماری ضمنی مصنوعات کو محفوظ اور ری سائیکل کرتے ہیں اور ہمارے کچرے کو کم سے کم کرتے ہیں۔ Convergint ہمارے ایندھن، برقی توانائی، پانی، کاغذ، اور کچرے کی مصنوعات کے استعمال کی نگرانی کرتی ہے۔ Convergint کے رفقاء کے ذریعہ کئے گئے کام کی سائٹ کے تمام جائزوں میں آس پاس کے رہائش گاہوں پر غور کرنا شامل ہوتا ہے۔

رفقاء سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ تمام قابل اطلاق ماحولیاتی قوانین اور ضوابط کے ساتھ ساتھ تحفظ کے اقدامات سے متعلق کمپنی کی پالیسیوں پر عمل کریں۔





ہم ایک محفوظ، جامع اور
**مثبت کام کا ماحول** بناتے ہیں

convergint

## - ہر رفیق کار اپنا اثر رکھتا ہے -

Convergint کام کا ایک مثبت ماحول بنانے اور اسے برقرار رکھنے کی کوشش کرتا ہے، جو تمام رفقاء کے لیے جامع، محفوظ اور قابل احترام ہو۔ ہماری اقدار اور عقائد سے ہم آہنگ، Convergint اور اس سے ملحقہ ادارے انسانی حقوق کے احترام کے لیے اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ کمپنی نے متعدد پالیسیاں اپنائی ہیں جو انسانی حقوق کے تئیں اس کی ذمہ داری کے مختلف پہلوؤں اور ہمارے رفقاء اور دیگر لوگوں کے ساتھ منصفانہ اور مساوی سلوک کی نشاندہی کرتی ہیں جن کے ساتھ یہ معاملات کرتی ہے۔

اس ضابطہ میں کسی بھی چیز کا مقصد رفقاء کے اجرت اور کام کے حالات پر بات کرنے کے حق کو محدود کرنا نہیں ہے جیسا کہ ریاستی قانون کے تحت محفوظ ہے، اور نہ ہی کسی بھی طرح سے نیشنل لیبر ریلیشنز ایکٹ کے تحت رفقاء کے حقوق کو محدود کرنا ہے۔ Convergint رفقاء کو ایسی سرگرمیوں میں مشغول ہونے یا ان سے باز رہنے کا حق دیتا ہے۔ اس ضابطہ کا مقصد کسی بھی طرح سے مخبروں سے متعلق کسی قابل اطلاق قانون کے تحت رفقاء کے حقوق کو محدود کرنا نہیں ہے۔

### امتیازی سلوک، ایذا رسانی یا انتقامی کارروائی پر پابندی

Convergint کا ماننا ہے کہ ہر فرد کے ساتھ عزت اور احترام کے ساتھ پیش آنا چاہیے اور اسے کام کے لئے ہراسانی، دھونس اور امتیاز سے پاک ماحول فراہم کیا جانا چاہیے۔

Convergint نسل، رنگ، مذہب، مذہبی عقیدہ، قومیت، شہریت، نسب، عمر، جنس، جنسی رجحان، صنف، صنفی شناخت یا اظہار، ٹرانسجینڈر، حمل، ولادت یا متعلقہ طبی حالات، ازدواجی حیثیت، تحفظ کی حیثیت کا حکم، معذوری (جسمانی اور ذہنی)، جینیاتی معلومات، یکساں سروس ممبر کی حیثیت، ویٹرن کی حیثیت، سیاسی وابستگی یا قانون کے ذریعہ محفوظ کردہ کسی دوسری بنیاد سے قطع نظر تمام اہل درخواست دہندگان اور ملازمین کو یکساں روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ Convergint ان محفوظ خصوصیات یا کسی اور قانونی طور پر محفوظ خصوصیت کی بنیاد پر امتیازی سلوک، ایذا رسانی (بشمول جنسی ہراسانی) اور انتقامی کارروائیوں سے سختی سے منع کرتی ہے۔ یہ ملازمت کے تعلقات کے تمام مراحل بشمول ملازمت، ترقی، منتقلی، نظم و ضبط، برطرفی، معاوضہ، سہولیات کا استعمال اور تربیت یا متعلقہ پروگراموں کے لیے انتخاب پر لاگو ہوتا ہے۔

### معاون پالیسیاں

- ہراسانی، امتیازی سلوک، اور انتقامی کارروائی کی روک تھام اور تفتیشی پالیسی

### ادائیگی کی شفافیت

Convergint اپنے رفقاء یا درخواست دہندگان کو برخاست نہیں کرے گا یا ان کے خلاف کسی دوسرے طریقے سے امتیازی سلوک نہیں کرے گا کیونکہ انہوں نے اپنی تنخواہ یا کسی دوسرے رفیق یا درخواست دہندہ کے ذریعہ ان کو ظاہر کی گئی تنخواہ کے بارے میں پوچھ گچھ، بات چیت، یا انکشاف کیا ہے۔

## انسانی حقوق

Convergint میں، ہمارا ماننا ہے کہ لوگ اپنے روزمرہ کے کام سے اثرانداز ہو سکتے ہیں دیانتداری کے ساتھ کام کرنا Convergint کی اقدار اور عقائد کا اہم حصہ ہے۔ ان عقائد اور اقدار سے ہم آہنگ، Convergint اور اس کے عالمی ذیلی ادارے انسانی حقوق کے فروغ اور احترام کے لیے اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ Convergint جہاں بھی ہمارے کام ہیں وہاں کے قوانین اور ضوابط کی تعمیل کے ذریعے، اور ہماری پالیسیوں اور طریقوں کے ذریعے انسانی حقوق کے حصول میں تعاون کرتا ہے۔

Convergint میں ہمارے رفقاء ہمارا سب سے بڑا سرمایہ ہیں۔ ہم ان کے لئے ایک مساوی، محفوظ اور معاون کام کی جگہ فراہم کرتے ہیں۔ ہم اپنی عالمی ٹیم کے منفرد تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، جو Convergint کے اہداف کی حمایت کرنے والوں کو اپنی انفرادی صلاحیتوں کا ادراک کرنے کے بھی قابل بناتی ہے۔

ہم ہراساں کرنے، دھونس اور امتیازی سلوک، بچوں کا مزدوری، لازمی یا جبری مزدوری، افراد کی اسمگلنگ اور کسی بھی مقصد کے لیے جدید دور کی غلامی سے منسلک کسی بھی عمل کو ممنوع قرار دیتے ہیں۔

ہم تمام قابل اطلاق اجرت اور گھنٹے کے قوانین اور ضوابط کی تعمیل کرتے ہیں اور قانونی طور پر لازمی فوائد فراہم کرتے ہیں۔ ہم ملازمین کے اس حق کا احترام کرتے ہیں کہ وہ اپنی آزاد انجمن کا حق استعمال کریں اور اجتماعی بارگینگ کی نمائندگی کا انتخاب کریں یا نہ کریں۔



### معاون پالیسیاں

- انسانی حقوق کی پالیسی
- سپلائر کا ضابطہ اخلاق
- ہراسانی، امتیازی سلوک، اور انتقامی کارروائی کی روک تھام اور تفتیشی پالیسی
- شمولیت اور تنوع کی پالیسی



ہم روز مرہ کی زندگی
میں **تفریح** اور **ہنسی** کو
فروغ دیتے ہیں

# یہ تفریح کا ماحول 2001 سے ہے

Convergint روز مرہ کی زندیگ میں ہمارے دفاتر اور کام کی جگہ پر مزے اور لےہقہقگانے پر یقین رکھتا لےہینکہ کسی ساتھی کا مذاق اڑا کر نہیں۔ ہم عمر، نسل، رنگ، مذہب، جنس )حمل اور صنفی شناخت سمیقہ(، اصلی قومیت، سیاسی وابستگی، جنسی رجحاا، ازدواجی حیثیت یا معذوری سقےطع نظر تمام ساتھیوں کا احترما کرنے پر یقین رکھتہےیں۔ کسی رفیق کی مستای ور/یا ہنسی کبھی بھی دوسروں کقیمت پر نہیں آنی چاہیے۔



# اقرار نامہ
## HRIS یا ilearning کے توسط سے ماخوذ

ذیل میں دستخط کرکے، آپ اقرار کرتے ہیں کہ آپ کو ضابطہ اخلاق کی ایک کاپی وصول ہوئی ہے اور سمجھتے ہیں کہ یہاں موجود پالیسیوں اور اس میں کی گئی کسی بھی ترمیم کو پڑھنا اور ان کی تعمیل کرنا آپ کی ذمہ داری ہے۔ اس ضابطہ اخلاق کو ہماری کولیگ ہینڈ بک اور کسی بھی ضمیمہ کے ساتھ ساتھ کمپنی کی دیگر پالیسیوں یا طریقہ کار کے ساتھ ملا کر پڑھا جانا چاہیے۔ مزید برآں، آپ اقرار کرتے ہیں کہ آپ "اپنی مرضی سے" ہمارے ساتھ کام کر رہے ہیں اور یہ کہ یہ ضابطہ اخلاق ملازمت کا معاہدہ نہیں ہے۔ Convergint اس ضابطہ میں ترمیم، تبدیلی اور/یا تدوین کرنے کا یکطرفہ حق محفوظ رکھتا ہے۔

**تاریخ:** ______________________________

**دستخط:** ______________________________



convergint®